SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

Mid-Term

Science Grade 4

School Name: ______________________________

ANSWER KEYS

Q. No.1 : b	Q. No.2 : c	Q. No.3 : b
Q. No.4 : b	Q. No.5 : a	Q. No.6 : d
Q. No.7 : b	Q. No.8 : a	Q. No.9 : b
Q. No.10 : c		

ANSWERS / RUBRICS

Question No: 11

سوال نمبر11

a) The given objects convert electrical energy into which form of energy? 1.Heater 2. Bulb (2 Marks)

دی گئی اشیاء الیکٹریکل انرجی کو انرجی کی کون سی شکل میں تبدیل کرتی ہیں؟ 1۔ہیٹر 2۔بلب(2)

Rubrics: Award one mark for each correct answer.
Model answer: 1. Heater: Heat energy
2. Bulb: Light energy

روبرک: ہر درست جواب کا ایک نمبر دیں۔
نمونے کا جواب: 1۔ ہیٹر: ہیٹ انرجی 2۔ بلب: لائٹ انرجی

Why do we use thermometer? Write the two units of temperature. (2+2=4 Marks)

ہم تھرمامیٹر کیوں استعمال کرتے ہیں؟ ٹمپریچر کے دو یونٹس لکھیں۔(2+2=4)

Rubrics: Award two marks for correct use and one mark for each correct unit.
Model answer: we use thermometer to measure temperature. The units of temperature are Centigrade °C and Fahrenheit °F.

روبرک: درست استعمال کے دو نمبر اور ہر درست یونٹ کا ایک نمبر دیں۔
نمونے کا جواب: ہم درجہ حرارت کی پیائش کے لیے تھرمامیٹر استعمال کرتے ہیں۔ ٹمپریچر کے یونٹس سینٹی گریڈ °C اور فارن ہائیٹ °F ہیں۔

Write down four names of the components of an electric circuit. (4 Marks)

ایک الیکٹرک سرکٹ کے چار حصّوں کے نام لکھیں۔(4)

Rubrics: Award one mark for each correct name.
Model answer: A: Battery, B: Switch, C: Bulb, D: Wire

روبرک: ہر درست نام کا ایک نمبر دیں۔
نمونے کا جواب: A: بیٹری، B: سوئچ، C: بلب، D: تار

Question No: 12

سوال نمبر12

a) Why does a moving ball stop after traveling some distance? (3 Marks)

ایک حرکت کرتی ہوئی گیند کچھ فاصلہ طے کرنے کے بعد کیوں رُک جاتی ہے؟(3)

Rubrics: Award three marks for correct answer.
Model answer: A moving ball stops after traveling some distance due to friction because friction is the force that stops or tends to stop the moving objects. Friction occurs when a body moves in contact with another body.

روبرک: درست جواب کے تین نمبر دیں۔
نمونے کا جواب: ایک حرکت کرتی ہوئی گیند فرکشن کی وجہ سے کچھ فاصلہ طے کرنے کے بعد رُک جاتی ہے، کیونکہ فرکشن وہ فورس ہے جو حرکت کرتی ہوئی اشیاء کو روکتی ہے یا روکنے کی کوشش کرتی ہے۔ فرکشن اس وقت پیدا ہوتی ہے جب ایک جسم دوسرے جسم کے ساتھ رابطے میں ہوتا ہے۔

Why does an apple fall from the tree to the ground? (3 Marks)

سیب درخت سے زمین پر کیوں گرتا ہے؟(3)

Rubrics: Award three marks for correct answer.
Model answer: An apple falls from the tree to the ground because the Earth pulls bodies towards itself with a specific force. This force is called the gravity of the Earth.

روبرک: درست جواب کے تین نمبر دیں۔
نمونے کا جواب: ایک سیب درخت سے زمین پر اس لیے گرتا ہے کیونکہ زمین اجسام کو ایک خاص فورس سے اپنی طرف کھینچتی ہے۔ اس فورس کو زمین کی کشش ثقل (گریویٹی) کہا جاتا ہے۔

Explain the difference between force and motion with the help of examples. (2+2=4 Marks)

فورس اور موشن کے درمیان مثالوں کی مدد سے فرق واضح کریں۔(2+2=4)

Rubrics: Award two marks for each correct difference.
Model answer: Force: The act of pushing or pulling a body is called force. For example, to open a door, we either pull it towards us or push it away.
Motion: The process in which a body changes its position is called motion. For example, children sitting on a see-saw apply force on it and the see-saw starts moving up and down.

روبرک: ہر درست فرق کے دو نمبر دیں۔
نمونے کا جواب: فورس: کسی جسم کو دھکیلنے یا کھینچنے کے عمل کو فورس کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ہم ایک دروازہ کھولنے کے لیے اسے اپنی طرف کھینچتے ہیں یا دور دھکیل دیتے ہیں۔
موشن: وہ عمل جس میں جسم اپنی پوزیشن بدلتا ہے اسے موشن کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر سی سا پر بیٹھے بچے اس پر فورس لگاتے ہیں اور سی سا اوپر نیچے ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

Question No: 13

سوال نمبر 13

a) Where does water in rivers and oceans come from? (3 Marks)

دریاؤں اور سمندروں میں پانی کہاں سے آتا ہے؟(3)

Rubrics: Award three marks for correct answer.
Model answer: Rainwater is added to rivers and streams. From here, the water flows to lakes and oceans. The snow falling on mountains also melts and becomes water and flows to rivers and streams and finally falls into lakes and oceans.

روبرک: درست جواب دینے کے تین نمبر دیں۔
نمونے کا جواب: بارش کا پانی دریاؤں اور ندی نالوں میں شامل ہوتا ہے۔ یہاں سے پانی جھیلوں اور سمندروں میں بہتا ہے۔ پہاڑوں پر گرنے والی برف بھی پگھل کر پانی بن کر دریاؤں اور ندی نالوں میں بہتی ہے اور آخر کار جھیلوں اور سمندروں میں گرتا ہے۔

Describe the effects of human activities on natural resources. (3 Marks)

قدرتی وسائل پر انسانی سرگرمیوں کے اثرات بیان کریں۔(3)

Rubrics: Award three marks for the correct answer.
Model answer: The lavish use of natural resources is causing irreparable damage to our environment. Growing population, excessive use of fossil fuels and deforestation, etc. are rapidly reducing land resources. Due to this, humans are facing problems such as climatic change, pollution, and lack of clean drinking water.

روبرک: درست جواب کے تین نمبر دیں۔
نمونے کا جواب: قدرتی وسائل کا بے دریغ استعمال ہمارے ماحول کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا رہا ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی، فوسل فیول کا زیادہ استعمال اور جنگلات کی کٹائی وغیرہ زمینی وسائل کو تیزی سے کم کر رہے ہیں۔ اس کی وجہ سے انسانوں کو موسمیاتی تبدیلی، آلودگی اور پینے کے صاف پانی کی کمی جیسے مسائل کا سامنا ہے۔

Differentiate between renewable and non-renewable resources with examples. (2+2=4 Marks)

قابلِ تجدید اور ناقابلِ تجدید وسائل کے درمیان مثالوں کے ساتھ فرق بیان کریں۔(2+2=4)

Rubrics: Award two marks for each correct difference.
Model answer: Renewable Resources: Those unlimited resources that can be replaced after use are called renewable resources. Air, water, soil, forests, and solar energy are renewable resources.
Non-Renewable Resources: Some natural resources such as coal, petrol, diesel, and natural gas take millions of years to form. Such limited resources are called non-renewable resources. Once they are used, they cannot be replaced easily.

روبرک: ہر درست فرق کے دو نمبر دیں۔
نمونے کا جواب: قابلِ تجدید وسائل: وہ لامحدود وسائل جنہیں استعمال کے بعد تبدیل کیا جا سکتا ہے انہیں قابلِ تجدید وسائل کہا جاتا ہے۔ ہوا، پانی، مٹی، جنگلات اور شمسی توانائی قابلِ تجدید وسائل ہیں۔
ناقابلِ تجدید وسائل: کچھ قدرتی وسائل جیسے کوئلہ، پٹرول، ڈیزل اور قدرتی گیس کو بننے میں لاکھوں سال لگتے ہیں۔ ایسے محدود وسائل کو ناقابلِ تجدید وسائل کہا جاتا ہے۔ ایک بار استعمال ہونے کے بعد انہیں آسانی سے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔